© rasailojaraid.com

# عیسائیت.........ایک جائزہ

مسعود نقیب

کچھ عرصہ پہلے کی بات ہے کہ ہمیں فن لینڈ سے عیسائیت کی توصیف و مدحت اور دعوت پر مبنی چند ایک پمفلٹس موصول ہوئے تھے جن میں بڑے زور و شور کے ساتھ کتاب مقدس کی خوبصورت اور پرکشش عبارات کے ذریعے اس بات کی خبر عطا کی گئی تھی کہ دنیا بھر میں اگر کوئی مذہب ''منبع تسکین'' اور ''مرقع تمکین'' ہے تو وہ صرف اور صرف عیسایت ہے۔ ان میں سے دو پمفلٹس موسومہ ''شان المسیح (اردو) اور "(Jesus:Yours Saviour") (عیسیٰ آپ کے نجات دہندہ (انگریزی) بیحد معنی خیز اور توجہ طلب تھے۔ بے شک ان میں بڑے ہی مسحور کن انداز سے دکھی انسانیت کو راحت قلب و جاں کیلئے صراط مستقیم کی طرف دعوت دی گئی تھی۔ ذیل میں ہم چند ایک عبارات نقل کر رہے ہیں تا کہ ہمارقارئین صحیح طور پر انداز سخن سے لطف اندوز ہو سکیں پہلے ہی صفحے پر لکھا ہے۔

Do you know that God Created man to live with Him as His child?

کیا آپ جانتے ہیں کہ خداوند نے انسان کو اپنے ساتھ اک چھوٹے سے بچے کی طرح رکھنے کیلئے پیدا فرمایا تھا؟

Believe this piecd of good news: Jesus Christ wants to help, save and give you his power to live a victorious life.

اس نوید سعید پر ایمان رکھو کہ حضرت مسیح تمہاری مدد اور حفاظت کرنا چاہتے ہیں، وہ چاہتے ہیں کہ ایک کامیاب زندگی گزارنے کیلئے وہ تمہیں قوت وطاقت عطا فرمادیں۔

انجیل کے حوالے سے چند ایک ''آفرز'' یوں کی گئی ہیں۔

To all who received him, hi gave the right to become children of God.

جتنوں نے اسے قبول کیا ان سب کو اس نے خدا کے فرزند بننے کا حق بخشا (یوحنا۔ب ا۔آیت ۱۲)

When you receive Christ to your life to bad you, you have a possibility to become a child of God.

جب تم مسیح کو اپنی رہنمائی کیلئے اپنی زندگی میں پاؤ تو تمہارے لئے یہ ممکن ہے کہ تم خدا کے امان یافتہ بچے بن جاؤ۔ (متی۔ب ا۔۲۱)

مزید آسائش کی خاطر ساری تان اس بات پر توڑی گئی ہے کہ......

He died for our sins at Cross.

وہ (مسیح) ہمارے گناہوں کے (کفارے) کیلئے مصلوب ہوئے۔

ان پمفلٹس کے آخر میں ایڈریس بھی تھا جس کے ذریعے مزید روحانی تشنگی بھی بجھائی جاسکتی تھی لہٰذا فوری تحریک کے زیر اثر ہم نے مزکورہ ادارے کو ایک محبت نامہ بھی ارسال کیا جس میں اختصار کے ساتھ ہم نے عیسائی مذہب کے متعلق اپنے شکوک وشبہات کی توضیح کیلئے خواہش کا اظہار کیا تھا لیکن افسوس کہ وہ طائر جواب آج تلک زیر دام نہ آسکا کہ عنقا کہیں جسے...... بلکہ یہ صدا اب بھی حرز جاں ہے کہ......

اب تو آجا کہ ترا راستہ تکتے تکتے
میری آنکھوں میں کھٹکنے لگی بینائی بھی

بہر حال بات رفت گزشت ہوگئی اور ہم بھی گردش دوراں کے ساتھ محو رقص ہوگئے۔ حتیٰ کہ یہ واقعہ ذہن کے گوشوں میں گم ہوگیا لیکن ان سطور کا متحرک وہ چند خفیہ سی سرگرمیاں ہیں کہ جن کیلئے عیسائی دوشیزائیں مختلف مقامات پر محو عمل نظر آتی ہیں۔ یہ پروپیگنڈہ فیکٹری گھر گھر جاتی اور اپنے افکار و نظریات کا پرچار کرتی ہے۔ جس سے ذہن میں اک خدشہ سا جنم لیتا ہے کہ کہیں ہماری سادہ لوح مسلم خواتین ان کی چکنی چپڑی تعلیمات کے دام میں نہ آجائیں۔ بس اسی خیال کے تحت ہم یہ چند گزارشات سپرد قلم کر رہے ہیں جنہیں آپ عیسائیت کا مختصر سا تعارف بھی کہہ سکتے ہیں۔ ہماری



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

اس کاوش کا مقصد بھی یہی ہے کہ اہل اسلام نہ صرف یہ کہ عیسائیت کے متعلق کچھ جان سکیں بلکہ بوقت ضرورت نسوانی مشنری پر بھی اپنے انداز سخن کی دھاک بٹھا سکیں۔

اس ضمن میں ہم نے قصداً بیشتر مقامات پر تنقیدی انداز سے اجتناب کیا ہے کہ اس سے ایک تو طوالت کا خدشہ پیدا ہوتا تھا اور دوسرے ہمارا مقصد کسی کی دل آزاری نہیں ہے۔ تاہم جہاں ضرورت محسوس ہوئی ہم نے وہاں اس انداز سے بھی استفادہ حاصل کیا ہے کہ......

ہر چند ہو مشاہدہ حق کی گفتگو
بنتی نہیں ہے بادۂ و ساغر کہے بغیر

بہر صورت ہماری دعا اور تمنا ہے کہ اللہ ہمیں حق بات کہنے اور لوگوں کو اسے صحیح طریقے سے سمجھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

اپنی معروضات سے قبل ہم چند ایک قرآنی آیات کا اظہار از حد ضروری سمجھتے ہیں تاکہ عیسائی دوست ہماری اس سعی کے مسیح دشمنی پر محمول نہ کر سکیں کیونکہ عام طور پر جب کسی کے عقائد و نظریات کے حوالے سے ذرا سی بھی لب کشائی کی جاتی ہے تو ان عقائد کے حاملین اس محرک پر دشمن ہونے کی فرد جرم عائد کر دیتے ہیں جبکہ ہم ایسا کوئی خدشہ پیچھے نہیں چھوڑنا چاہتے اسی لئے ہمارا ایمان ہے کہ نہ صرف حضرت عیسیٰؑ بلکہ دیگر انبیاء کرام بھی اللہ کے پاکباز، نیک اور اعلیٰ ترین پیامبر تھے ارشاد ربانی ہے کہ...... ومن یکفر باللہ وملآئکتہ وکتبہ ورسلہ والیوم الآخر فقد ضل ضلالا بعیدا۔

جو شخص اللہ، اس کے فرشتوں، اس کی کتابوں، اس کے رسولوں اور یوم آخرت کا انکار کرے وہ دور گمراہی میں جا پڑے گا (سورہ نساء)

اور جب کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام تو وہ برگذیدہ نبی ہیں کہ جنکا ظہور ہی اہل کائنات کیلئے کسی معجزے سے کم نہ تھا......

اذقالت الملئكة يمريم ان الله يبشرك بكلمة منه اسمه المسيح عيسىٰ ابن مريم۔

جب فرشتوں نے کہا کہ اے مریم سن اللہ تجھے اپنے کلام کی بشارت دیتا ہے جسکا نام عیسیٰ ابن مریم ہوگا۔ (آل عمران:۴۵)

نیز ان کی عظمت و رفعت کے متعلق فرمایا کہ:............

واتينا عيسىٰ ابن مريم البينت وايدنه بروح القدس۔

ہم نے عیسیٰ ابن مریم کو واضح نشانات عطا کئے اور روح القدس سے اسے قوت بخشی۔ (البقرہ:۲۵۳)

امید ہے کہ ان آیات مطہرہ کے بعد عیسائی دوست ہمیں تمغہ تعصب سے سرفراز نہیں فرمائیں گے بلکہ ہماری گزارشات کو مبنی بر اخلاص سمجھتے ہوئے قابل توجہ ضرور خیال کریں گے......

اور اب

اجازت ہو تو دل کی بات کہہ لیں
کہ اس میں آپ ہی کی بہتری ہے

حضرت عیسیٰ علیہ السلام جب بحکم ربی اس دنیائے فانی میں تشریف لائے تو اس وقت اہل یہود پانچ بڑے بڑے گروہوں، صدوقی، فریسی، آسینی، غالی، سامری، میں منقسم تھے۔ معلومات کی خاطر ان کا اجمالی سا خاکہ پیش خدمت ہے۔

## ۱۔صدوقی فرقہ:

یہ لوگ حیات بعد الممات پر یقین نہیں رکھتے تھے۔ تمام کتب وصحائف سماوی کو غیر معتبر خیال کرتے تھے۔ بے حد عیش پرست تھے اور اسی سبب حکومت وقت کی حمایت، جزو ایمان سمجھتے تھے۔ یہ لوگ حکومت اور ہیکلؔ کے محافظین تھے۔

## ۲۔فریسی فرقہ:

ان کی تعداد صدوقیوں سے کہیں زیادہ تھی۔ احساس برتری، صدوقیوں سے مایوسی اور غیر ملکی اقتدار سے نفرت نے انہیں حکومت کا باغی بنا دیا تھا۔ ان میں تکبر اور غرور بہت زیادہ تھا۔ حتیٰ کہ پروہتوں اور کاہنوں سے بے نیاز ہو کر گھروں میں عبات کیا کرتے تھے۔ اسی لئے حضرت عیسیٰؑ کو ان پر خصوصی توجہ دینا پڑی تھی۔ انجیل میں ان دونوں فرقوں کا تذکرہ یوں آتا ہے کہ......

جب اس نے بہت سے فریسیوں اور صدوقیوں کو بپتسمہ کیلئے اپنے پاس آتے دیکھا تو ان سے کہا اے سانپ کے بچو! تم کو کس نے جتا دیا کہ آنیوالے غضب سے بھاگو...... (متی۔ ب نمبر ۳)

## ۳۔آسینی فرقہ

اسے آسینین بھی کہتے ہیں۔ ان کا مسلک سب سے جدا تھا عقائد بیحد بے لچک تھے۔ جنگ سے نفرت کرتے تھے اور ہتھیار اٹھانا بدترین کام سمجھتے تھے۔ انہیں روحانی و دنیاوی دونوں علوم پر دسترس کا دعویٰ تھا۔ یہ لوگ نجات دہندہ مسیح کی آمد کے منتظر تھے۔

## ٤۔غالی فرقہ:

غالی یا گلیلی فرقہ بڑی حد تک آسینی فرقے سے مماثلت رکھتا تھا البتہ عمل پر ان کا زور زیادہ تھا۔ ان کا یقین تھا کہ پیشین گوئیوں اور یوم نجات کو عمل کے بل پر نزدیک لایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے بغاوت بھی کی لیکن ناکام رہے اور ان کا لیڈر یہوداہ گلیلی اپنے تمام خاندان سمیت مارا گیا۔

## سامری فرقہ:

یہ خود کو حضرت یعقوب علیہ السلام سے منسوب کرتے تھے اور اسی بنا پر خود کو اسرائیلی کہتے تھے۔ ان کی تمنا تھی کہ بیت المقدس کی جگہ ایک اپنا الگ ہیکل بنائیں اور اسے قبلہ اور مرکز تصور



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کریں۔ چنانچہ انہوں نے جوزیم مس اپنا الگ ہیکل بنایا۔ انہوں نے بیت المقدس تباہ کرنے کی کوشش بھی کی لیکن ناکام رہے۔

عیسائیت کے متعلق کچھ بھی جاننے سے قبل ضروری ہے کہ پہلے بائیبل کے متعلق کچھ آگاہی حاصل کرلی جائے۔ بائبل دراصل دوحصوں کے مجموعے کا نام ہے۔ ان حصوں کے نام یہ ہیں۔

۱۔عہد نامہ قدیم (Old Jestament)

۲۔عہد نامہ جدید (New Jestament)

تاہم مدت ہوئی عیسائی حضرات عہد نامہ قدیم کو ترک کر چکے ہیں اور اب ان کے دین کی تمام تر بنا عہد نامہ جدید پر رکھی گئی ہے۔ یقیناً قارئین متجسس ہوں گے کہ پھر انجیل کسے کہتے ہیں تو اسی کیلئے عرض ہے کہ عرف عام میں انجیل سے مراد عہد نامہ جدید ہی ہوتا ہے لیکن اصل میں یہ عہد نامہ جدید کے چار ابواب ہیں جنہیں ''اناجیل اربعہ'' کہا جاتا ہے۔ ان کے نام یوں ہیں۔

۱۔انجیل متّی (Gospel of Mathew)

۲۔انجیل مرقس (Gospel of Mark)

۳۔انجیل لُوقا (Gospel of Liuke)

۴۔انجیل یوحنا (Gospel of John)

ان چار کے علاوہ دیگر ۲۳ ابواب کی تفصیل یوں ہے.........

۵۔اعمال

۶۔رومیوں کے نام خط

۷۔کرنتھیوں کے نام پہلا خط

۸۔کرنتھیوں کے نام دوسرا خط

۹۔گلتیوں کے نام خط

۱۰۔افسیوں کے نام خط

۱۱۔فیپوں کے نام خط

۱۲۔فلپیوں کے نام خط

۱۳۔تھسلنیکیوں کے نام خط

۱۴۔تھسلنیکیوں کے نام دوسرا خط

۱۵۔تیمتھیس کے نام پہلا خط

۱۶۔تیمتھیس کے نام دوسرا خط

۱۷۔ططس کے نام خط

۱۸۔فلیموں کے نام خط

۱۹۔عبرانیوں کے نام خط

۲۰۔یعقوب کا عام خط

۲۱۔پطرس کا پہلا خط

۲۲۔پطرس کا دوسرا خط

۲۳۔یوحنا کا پہلا خط

۲۴۔یوحنا دوسرا خط

۲۵۔یوحنا کا تیسرا خط

۲۶۔یہوداہ کا خط

۲۷۔یوحنا عارف کا مکاشفہ

۱۔مرقس

اناجیل اربعہ میں مرقس سب سے قدیم انجیل تصور کی جاتی ہے۔ اسی کے مخاطب غیر یہودی ہیں اسے ترتیب دینے والے شخص مرقس کے بارہ میں واضح معلومات نہیں ہیں کہ اس کی شخصیت کیا تھی۔ البتہ مورخین اس بات پر متفق ہیں کہ وہ حضرت عیسیٰ کے حواریوں میں سے نہیں تھا۔ اس نے پطرس کے قتل کے بعد روما میں اس سے سنی باتوں کے بغیر کسی ترتیب کے لکھ ڈالا۔ خیال ہے کہ یہ انجیل ۶۵ عیسوی سے ۷۰ عیسوی تک کے دور میں لکھی گئی ہے اور اس وقات تک حضرت عیسیٰؑ کا کوئی بھی شاگرد زندہ نہیں تھا۔

**لوقا:**

رسول پولس عیسائیت کے موجودہ نظریات کا بانی ہے۔ عہد نامہ جدید میں اس کے چودہ خطوط شامل ہیں لوقا اسی کے ساتھیوں میں شمار کیا جاتا ہے۔ یہ شخص طبیب تھا اور اس نے کسی کی خواہش پر انجیل لوقا مرتب کی تھی۔ انجیل مرقس سے استفادہ اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ اس کی تالیف ۸۰ عیسوی کے بعد ہی ہوئی تھی۔

**متی:**

اسے متی (Methew) نامی شخص نے ۸۵ عیسوی تا ۹۰ عیسوی کے درمیان تالیف کیا تھا۔ اس کے مخاطبین یہود ہیں۔ اس میں اس بات کی خاص کوشش کی گئی ہے کہ یہود کو بغض وعناد اور نفرت سے دور رکھا جائے۔

**یوحنا:**

اناجیل اربعہ میں یہ آخری انجیل ہے۔

بعض لوگ یوحنا (John) کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا شاگرد خیال کرتے ہیں۔ جبکہ اکثریت اسے افسس کا باشندہ گردانتی ہے۔ حضرت عیسیٰ ناصر کے باشندے تھے سو یہ نہ تو حضرت عیسیٰ سے ملا تھا اور نہ ہی آپ کا شاگرد تھا۔

اناجیل ہی کے ضمن میں ایک نام اور بھی ہے۔ برناباس یہ وہ مقدس انجیل ہے کہ جس سے کلی طور پر عیسائی دنیا کو بے خبر رکھا گیا ہے کیونکہ اس کی آیات حضرت عیسیٰ کے مصلوب نہ ہونے کے اسلامی موقف کی تائید کرتی ہیں نیز اس میں آنحضرت ﷺ کی آمد کے متعلق بھی ناقابل تردید شہادتیں اور پیشین گوئیاں موجود ہیں۔ برناباس کا تزکرہ عہد نامہ جدید میں بھی ملتا ہے۔ کہ وہ کون تھا......

یوسف نامی ایک لاوی تھا جس کا لقب رسولوں نے برناباس یعنی نصیحت کا بیٹا رکھا تھا۔ (اعمال ب۴۔۳۶)

دوسری جگہ لکھا ہے کہ وہ نیک مرد روح القدس اور ایمان سے معمور تھا۔ (اعمال ۱۱۔۲۴)

اسی باب الاعمال کے باب نمبر ۱۱ آیت نمبر ۲۶ میں یہ بھی لکھا ہے کہ برناباس ہی نے عیسائیوں کو مسیحی ہونے کا لقب دیا تھا۔

بہر حال اس مضمون میں ہم نے برناباس پر گفتگو سے قصداً گریز کیا ہے کیونکہ یہ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

موضوع اپنی حیثیت اور اہمیت کے اعتبار سے ایک الگ نشست کا حامل ہے۔ فی الحال یہی جان لینا کافی ہے کہ انجیل برناباس خواہ متروک ہی سہی، لیکن اناجیل میں شامل ہے۔

اسی ضروری تمہید کے بعد اب ہم عیسائیت کے حقیقی خدو خال کی طرف آتے ہیں۔ یہاں سب سے پہلے سوال جنم لیتا ہے کہ عیسائیت کیا ہے اور کن خصائص پر مبنی ہے؟ تو اس کا جواب پادری حضرات یوں دیتے ہیں کہ......

وہ مذہب جس کی اصل ناصرہ کے باشندے یسوع کی طرف منسوب ہے اور جو یسوع کو خدا کا منتخب (مسیح) تسلیم کرتا ہے، عیسائیت کہلاتا ہے (Encyclopoiedia Britannica. Christianity.v.5.p.693)

ایک عیسائی مفکر الفریڈ ای گاروے نے اسی تعریف کو اپنے مقالے Christianity میں یوں وسعت دی ہے کہ عیسائیت کی تعریف اس طور بھی کی جاسکتی ہے کہ یہ وہ اخلاقی تاریخی کائناتی، موحدانہ اور کفارے پر ایمان رکھنے والا مذہب ہے کہ جس میں خدا اور انسان کے تعلق کو یسوع مسیح کی شخصیت اور کردار کے ذریعے پختہ کیا گیا ہے۔ (Christianity -v.3.P,580)

یہاں اخلاقی مذہب سے مراد ایسی تعلیمات کی تبلیغ ہے کہ جن کا مقصد مادی غرض و غائیت نہ ہو بلکہ روحانی کمال اور رضائے الٰہی کا حصول ہو۔ اسی طرح تاریخی مذہب سے مراد یہ ہے کہ اسی کا محور فکر و عمل ایک تاریخی شخصیت حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہیں۔

اب آیئے ان مراحل کو دیکھتے ہیں کہ جن سے گزر کر مذہب عیسائیت اختیار کیا جاتا ہے۔ ان مراحل کی ترتیب یوں ہے۔ ۱۔ بپتسمہ ۲۔ عشاء ربانی

**۱۔ بپتسمہ** (Baptism):

پہلے تو یاد رہے کہ وہ لوگو جو عسائیت میں شمولیت کے خواہشمند ہوتے ہیں یعنی انہیں شروع میں ایک عبوری دور سے گزرنا پڑتا ہے۔ اس دوران وہ بنیادی تعلیمات حاصل کرتے ہیں تاہم عیسائی نہیں کہلاتے بلکہ انہیں کیٹ چومینس (Cate Chummaens) کہتے ہیں اس کے بعد ایسٹر یا پینٹی کوسٹ کی عید سے پہلے انہیں بپتسمہ دیا جاتا ہے۔ ہر امیدوار کیلئے بپتسمہ کے مرحلے سے گزرنا بیحد ضروری ہے۔ یہ عیسائی مذہب کی پہلی رسم ہے جسے ایک خاص قسم کا غسل کہا جاسکتا ہے۔ اس کے بغیر کوئی شخص عیسائیت میں داخل نہیں ہوسکتا۔ عیسائیوں کا عقیدہ ہے کہ بپتسمہ لینے سے انسان یسوع مسیح کے ذریعے ایک بار پھر مرکر دوبارہ زندہ ہوجاتا ہے۔ اس کا یہ مرنا دراصل اس ''اصلی گناہ'' کی سزا ہے کہ جو پھل کھا کر حضرت آدم سے سرزد ہوا تھا جس کے بعد تمام انسانوں کی آزاد قوت ارادی (Free Will) سلب ہوگئی تھی۔ اور یوں یہ معنوی زندگی اسے ہی آزاد قوت ارادی عطا کردیتی ہے۔ اس اصل گناہ کا تذکرہ انشاءاللہ آگے آئیگا یہاں فی الحال ہم بپتسمہ کو دیکھتے ہیں کہ وہ کیا ہے؟ بپتسمہ کیلئے کلیسا میں ایک مخصوص کمرہ ہوتا ہے جس کا عمل دخل مخصوص آدمیوں کے ہاتھوں میں ہوتا ہے امیدوار کو بپتسمہ کیلئے اس طرح لٹا دیا جاتا ہے کہ اس کا رخ مغرب کی طرف ہو۔ پھر وہ مغرب کی طرف ہاتھ پھیلا کر کہتا ہے۔ اے شیطان میں تجھ سے اور تیری ہر عمل سے دستبردار ہوتا ہوں۔ اس کے بعد وہ مشرق کی طرف رخ کرکے زبان سے عیسائی عقائد کا اعلان کرتا ہے بعد ازاں ایک اندرونی کمرے میں لیجا کر اس پر دم کیئے تیل کی مالش کی جاتی ہے اور پھر بپتسمہ کے حوض میں ڈال دیا جاتا ہے۔ اس موقع پر وہ مخصوص آدمی اس سے تین سوال پوچھتے ہیں جن کا وہ ہاں کہہ کر جواب دیتا ہے۔ اسکے بعد اسے حوض سے نکال کر اس کی پیشانی ناکان اور سینے پر دم کیئے تیل کی پھر مالش کی جاتی ہے اور اسے پہننے کیلئے سفید کپڑے دے دیئے جاتے ہیں۔ گویا وہ گناہوں سے پاک ہوچکا ہے۔ اس کے بعد وہ کلیسا میں داخل ہوکر جلوس کے ساتھ عشاء ربانی میں شریک ہوتا ہے۔

(Briefly taken from Encyclopaedia Britannica v.3.P83)

**۲۔ عشاء ربانی** (Lord's supper)

حضرت عیسیٰ کی مبینہ قربانی کی یاد میں منائی جانے والی یہ رسم عیسائیت میں بیحد اہم ہے۔ انجیل متی میں لکھا ہے کہ جب وہ کھانا کھا رہے تھے تو مسیح نے روٹی لی اور برکت دیکر توڑی اور شاگردوں کو دیکر کہا لو کھاؤ۔ یہ میرا بدن ہے۔ پھر پیالہ لیکر شکر کیا اور ان کو دیکر کہا تم سب اس میں سے پیو کیونکہ یہ میرا وہ عہد کا خون ہے جو بہتیروں کے لئے گناہوں کی معافی کے واسطے بہایا جاتا ہے۔ (متی باب نمبر ۲۶۔ آیت نمبر ۲۶)

حضرت مسیح نے یہ کھانا گرفتاری سے ایک دن پہلے کھایا تھا۔ اور لوقا کے مطابق چونکہ حضرت عیسیٰ نے یہ بھی کہا تھا کہ میری یادگاری کیلئے یہی کیا کرو۔ (لوقا۔۲۲۔۱۹) اس لئے عیسائیت اس حکم کی تعمیل میں ایسا کرتی ہے۔ عشاء ربانی (Lorde's Supper) کا طریق کار یہ ہے کہ ہر اتوار کو کلیسا میں اجتماع ہوتا ہے۔ نغمے اور دعائیں مانگی جاتی ہیں۔ پھر صدر مجلس روٹی اور شراب حاضرین کو پیش کرتا ہے جو عیسائی عقیدے کے مطابق فوراً ماہیت تبدیل کرکے مسیح کا بدن اور لہو بن جاتی ہے خواہ وہ ظاہری طور پر روٹی اور شراب ہی کیوں نہ رہے۔

عقائد:

عیسائیت میں خدا اور مسیح کے حوالے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

سے ۲ قسم کے عقائد بیحد اہمیت کے حامل ہیں۔ سب سے پہلے تو اللہ تعالیٰ کی ذات کے متعلق اس عقیدے پر نظر ہو جائے کہ جو تقریباً تمام مذاہب میں یکساں ہے بقول مارس ریلٹس......

خدا کے متعلق عیسائیت کا تصور ہے کہ وہ ایک زندہ جاوید وجود ہے جو تمام امکانی صفات کمال کے ساتھ متصف ہے۔ اسے محسوس تو کیا جاسکتا ہے لیکن پوری طرح سمجھا نہیں جا سکتا۔ اس کا ٹھیک ٹھیک تجزیہ ہمارے ذہن سے ماورا ہے کہ وہ فی نفسہ کیا ہے؟ (Studies in Christian Doctrine P.3)

خدا کے متعلق عیسائیت کا اس حد تک عقیدہ تو بالکل مبنی برحق ہے اور قابل فہم ہے لیکن آگے ''تین میں ایک، ایک میں تین'' کی داغ بیل ڈال کر جو پیچیدہ تفصیلات پیش کی گئی ہیں ان کے متعلق حق بات یہی ہے کہ اس نے عیسائیت کو بھی تین میں رہنے دیا ہے نہ تیرہ میں۔ اس پُر پیچ عقیدے کو ''تثلیث (Trinity)'' کا نام دیا گیا ہے۔ عیسائی مذہب سے تعلق رکھنے والا ہر شخص جانتا ہے کہ خدا تین اقانیم (Persons) باپ، بیٹا اور روح القدس سے مرکب ہے عام عیسائیوں کا مسلک ہے کہ خدا، باپ بیٹے اور روح القدس کے مجموعے کا نام ہے اور بعض روح القدس کی جگہ ''مریم'' کو رکھتے ہیں۔ تاہم ان کے آپس میں رشتے اور تعلق کے متعلق عیسائی دنیا خود اک ''زلف پریشاں'' دکھائی دیتی ہے۔ ایک گروہ کہتا ہے کہ ان تین میں سے ہر ایک بذات خود بھی اتنا ہی طاقتور (Powerful) خدا ہے جتنا کہ ان کا مجموعہ خدا۔ دوسرے گروہ کا کہنا ہے کہ ان تینوں میں سے ہر ایک الگ الگ خدا تو ہے لیکن اپنے مجموعے والے خدا سے کمتر ہے۔ تیسرے گروہ کا عقیدہ ہے کہ یہ تینوں خدا نہیں ہیں بلکہ صرف ان کا مجموعہ خدا ہے۔ عقیدہ تثلیث کو سمجھنے کیلئے ضروری ہے ''باپ، بیٹے اور روح القدس'' کی حیثیت کو دیکھا جائے۔

**۱۔باپ (Father):**

عیسائی حضرات ''باپ'' کی یوں تشریح و توضیح کرتے ہیں کہ......

''باپ'' سے مراد خدا کی تنہا ذات ہے۔ اس سے مراد یہ نہیں کہ اس نے کسی کو جنا ہے یا یہ کہ وہ باپ تھا اور اس کا کوئی بیٹا نہیں تھا۔ دراصل ''باپ'' ایک خدائی اصطلاح (Divine Term) ہے جس کا مقصد صرف یہ ہے کہ باپ، بیٹے کیلئے اصل ہے جس طرح ذات صفت کیلئے اصل ہوتی ہے ورنہ جب سے باپ موجود ہے بیٹا بھی موجود ہے۔ (تاہم یہ بیٹا جنا نہیں گیا) (Basic Writings of thomas Aquinas p324v1)

خدا کو ''باپ'' کیوں کہا گیا ہے تو اس کا جواز یہ ہے کہ......

تمام مخلوقات اپنے وجود میں خدا کی محتاج ہیں جس طرح بیٹا باپ کا محتاج ہوتا ہے دوسری طرف یہ بات بھی ہے کہ خدا اپنے بندوں پر اسی طرح شفیق اور مہربان ہے جسطرح باپ بیٹے پر ہوتا ہے۔ (Religion & Ethics.v 5.p.575)

اگر عیسائی دوست ناراض نہ ہوں تو ہم کہہ دیں کہ یہ توضیح تو عام مخلوق کو بھی ''بیٹے'' کے اسی منصب پر بٹھا دیتی ہے کہ جس پر حضرت عیسیٰ جلوہ گر ہیں، سو یارو، حضرت عیسیٰ کو کس بل پر دیگر انبیاء سے ممتاز کرتے ہو جبکہ بقول آپ ہی کے ایسی ''پدرانہ شفقت خداوندی'' تو سب ہی کو میسر ہو سکتی ہے۔ افسوس

بہت شور سنتے تھے پہلو میں دل کا
جو چیرا تو اک قطرۂ خوں نہ نکلا

**۲۔بیٹا (Son):**

عیسائیوں کے نزدیک بیٹے سے مراد خدا کی صفت کلام (Word of God) ہے۔ تاہم یہ عام انسانوں کی طرح کا کلام نہیں ہے۔ تھامس ایکیونس کے مطابق......

کلام کا کوئی جوہری وجود نہیں ہوتا۔ اسی لئے کلام یا الفاظ کو ہم انسان کا بیٹا نہیں کہہ سکتے لیکن اس کے برعکس خدا کا کلام ایک جوہر ہے۔ (Basic Writings of thomas P.326)

گویا کہ خدا کا کلام رحم مریم میں پلا، بڑا ہوا اور نبوت سے سرفراز ہوا۔ چونکہ یہ بغیر مرد کے حکم ربی کے تحت پیدا ہوا تھا اس لئے کلام خدا کے جوہر ہونے کے سبب یہ لڑکا خدا کا بیٹا ہے تاہم حقیقی بیٹا پھر بھی نہیں کہ خدا نے کسی کو نہیں جنا۔

**۳۔روح القدس (Holy Spirit):**

روح القدس کے متعلق عیسائیوں کا عقیدہ ہے کہ......

روح القدس سے مراد باپ اور بیٹے کی صفت حیات و محبت ہے۔ یہ وہ خوبی ہے جس کے ذریعے خدا اپنے بیٹے (صفت کلام) سے محبت کرتا ہے اور بیٹا باپ سے۔ یہ صفت بھی کلام کی طرح جوہری ہے اور جاودانی حیثیت رکھتی ہے۔ اسی لئے اسے ایک مستقل اقنوم کی حیثیت حاصل ہے۔ (The City of God.P168.v2)

متی باب نمبر ۳ جملہ نمبر ۱۶ میں ہے کہ جب حضرت مسیح کو بپتسمہ دیا جا رہا تھا تو یہی صفت ایک کبوتر کے جسم میں حلول کر کے حضرت عیسیٰ پر نازل ہوئی تھی اور حضرت عیسیٰ کو جب آسمان کی طرف اٹھا لیا گیا تھا تو یہی صفت حضرت عیسیٰ کے حواریوں پر نازل ہوئی تھی۔

''توحید فی التثلیث'' (Trinity) کا خلاصہ یہ ہے کہ خدا تین شخصیتوں پر مشتمل ہے۔ اول خود ذات خدا کہ جو ''باپ'' ہے۔ دوم خدا کی



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

صفت کلام ''بیٹا'' یعنی کہ حضرت عیسیٰ اور سوم روح القدس کہ جو خدا کی صفت حیاۃ و محبت ہے نیز ان تینوں کا مجموعہ ایک خدا ہے تاہم یہ تینوں مل کر تین خدا نہیں بنتے بلکہ ایک ہی خدا ہوتے ہیں۔

صاف واضح ہوتا ہے کہ اس عقیدے میں لفاظی کی کرشمہ سازی کارفرما ہے ورنہ جب تینوں میں سے ہر ایک خدا ہے تو پھر ایک خدا کہاں رہا بلکہ یہ تین خدا ہو گئے۔ یہ درحقیقت وہ مسئلہ ہے جو آج تلک عیسائیوں کیلئے گلے کا ڈھول بنا ہوا ہے۔ اس مسئلے پر مفصل تنقید کے لئے ہمارے مضمون میں طوالت کی ہمت نہیں ہے اس لئے تشنگان علم اس پر سیر حاصل بحث پڑھنے کیلئے درج ذیل کتابوں سے استفادہ حاصل کر سکتے ہیں۔

۱۔عیسائیت کیا ہے؟ از مولانا محمد تقی عثمانی

۲۔اظہار الحق۔ از مولانا رحمت اللہ کیرانوی

۳۔عیسائیت از عبدالوحید خان۔

4.Myth of the Cross. By: M. Azizullah

## حضرت مسیحؑ اور عقیدہ عیسائیت:

عیسائی دوست عقیدہ رکھتے ہیں کہ انسانوں کی فلاح کیلئے خدا کی صفت کلام حضرت مسیح کے انسانی جسم میں حلول کر گئی تھی۔ جب تک عیسیٰ دنیا میں رہے یہ بھی ان کے جسم میں رہی جب وہ مصلوب ہوئے تو یہ صفت ان سے علیحدہ ہو گئی۔ تین دن بعد وہ دوبارہ زندہ ہوئے انہوں نے حواریوں کو کچھ ہدایات دیں اور آسمان کی طرف چلے گئے۔ آپ کے صلیب پر چڑھ جانے کی وجہ سے آپ کے ہر پیروکار کا وہ ''اصلی گناہ'' معاف ہو گیا ہے کہ جو حضرت آدم سے سرزد ہو گیا تھا اور جس کا خمیازہ سب انسانوں کو بھگتنا پڑا تھا۔ اس عقیدے کے چار بنیادی اجزاء ہیں۔

۱۔عقیدہ حلول و تجسم

۲۔عقیدہ مصلوبیت

۳۔عقیدہ حیات ثانیہ

۴۔عقیدہ کفارہ

## ۱۔عقیدہ حلول و تجسم

انجیل یوحنا نے سب سے پہلے اسی عقیدے کو متعارف کروایا ہے۔ یوحنا سوانح مسیح کی کی ابتداء یُوں کرتا ہے کہ:

ابتداء میں کلام تھا اور کلام خدا کے ساتھ تھا اور کلام خدا تھا۔ یہی ابتداء میں خدا کے ساتھ تھا۔ (یوحنا: ق ا-۲) ایک اور جگہ لکھا ہے کہ...... میں اور باپ ایک ہیں۔ (یوحنا ۱۰-۳۰)

نیز اور کلام مجسم ہوا فضل اور سچائی سے معمور ہو کر ہمارے درمیاں رہا اور ہم نے اس کا جلال ایسے دیکھا جیسے باپ کے اکلوتے کا جلال۔ (یوحنا-ا-۱۴)

مختصر یہ ہے کہ خدا کی صفت کلام حضرت مسیح کے جسم میں حلول کر گئی تھی اور یوں وہ خدا ہو گئے تھے۔ جب تک وہ زندہ رہے یہ صفت ان میں رہی اور بعد ازاں آپ زندہ ہو کر آسمانوں کو ہو لئے تھے۔ الفریڈ گاروے حلول و تجسم کی مضحکہ خیز توضیح کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ

......حقیقتاً وہ خدا بھی تھے اور انسان بھی۔ ان کی ان دونوں حیثیتوں میں سے کسی ایک کے انکار یا ان کے وجود میں ان دونوں (خدا، انسان) کے اتحاد کے انکار نے ہی بدعتی نظریات پیدا کئے ہیں۔

(Christianity.P586)

حقیقی بات یہ ہے کہ اس عجیب و غریب عقیدے کی وجہ سے عیسائی دنیا خود بھی مختلف نظریات کے گروہوں میں منقسم ہو چکی ہے اور اسی لئے ہم تاریخ عیسائیت کے مختلف ادوار میں پولسی، نسطوری اور یعقوبی فرقوں کو جنم لیتا دیکھتے ہیں۔

## ۲۔عقیدہ مصلوبیت

عیسائی عقیدے کے مطابق حضرت مسیح کو یہودیوں نے پنطس پیلاطس کے حکم سے سولی پر چڑھا دیا تھا اور یوں ان کی وفات ہو گئی تھی۔ تاہم یہ پھانسی صرف انسانی مظہر یعنی حضرت مسیح کو ہوئی تھی جبکہ ان کی شخصیت میں موجود خدائی مظہر اس سے محفوظ تھا جس کے تحت وہ دوبارہ زندہ ہو گئے تھے۔ تاہم مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ حضرت مسیح کو سولی چڑھانے سے پہلے ہی اللہ نے انہیں اپنی طرف اٹھا لیا تھا ہماری اس بات کی تائید خود ایک عیسائی مصنف سٹریٹر کی مشہور کتاب اناجیل اربعہ بھی کرتی ہے جس میں مصلوبیت کے تذکرے میں فاضل مصنف نے انجیل پطرس کا جملہ نقل کیا ہے کہ مسیح کو اوپر اٹھا لیا گیا۔ یہاں سے یہ بھی واضح ہوا کہ اٹھانے والا کوئی اور تھا کیونکہ خدا کو کوئی نہیں اٹھا سکتا ویسے بھی یہ جملہ صیغۂ مجہول میں لکھا گیا ہے۔ جو اس بات پر شاہد ہے کہ مسیح اگر خدا ہوتے تو انہیں ہرگز کوئی دوسرا نہیں اٹھا سکتا تھا۔ (The Four Gospels by: Strater P.5.)

## صلیب مقدس:

عقیدۂ مصلوبیت کی بنا پر ہی نشان صلیب کو عیسائی حضرات مقدم سمجھتے ہیں یاد رہے کہ آغاز میں اس کی کچھ اہمیت نہ تھی لیکن ۳۱۲ء میں شاہ قسطنطین کے بارے میں مشہور ہوا کہ اس نے خواب میں، دوران جنگ، آسمان پر صلیب کا نشان دیکھا ہے۔ پھر مئی ۳۲۶ء میں اس کی ماں کو کہیں سے صلیب ملی جس کے متعلق لوگوں نے خیال ظاہر کیا کہ یہ وہی صلیب تھی جس پر حضرت عیسیٰ مصلوب ہوئے تھے یوں عیسائی دنیا مین اس کی شہرت ہو گئی اور وہ آج بھی ۳ مئی کو دریافت صلیب کے نام سے جشن مناتے ہیں ایک عیسائی عالم لکھتا ہے کہ......

ہر سفر و حضر اور آمد و رفت کے موقع پر جوتے اتارتے نہاتے کھانے کھاتے، شمع روشن کرتے، سوتے جاگتے اٹھتے بیٹھتے، الغرض ہر کام



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

وسکوں کے وقت ہم اپنی ابرو پر نشان صلیب بناتے ہیں۔(Excy. Cross.V3.P.783)

**۲۔عقیدۂ حیات ثانیہ:**

عیسائیوں کا عقیدہ ہے کہ مصلوب ہونے کے بعد حضرت عیسیٰ تیسرے دن زندہ ہوئے، حواریوں کے پاس آئے ہدایات دیں اور آسمان کی طرف چلے گئے تھے......

وہ یہ باتیں کر رہے تھے کہ یسوع ان کے بیچ آ کھڑا ہوا اور ان سے کہا تمہاری سلامتی ہو...... پھر وہ انہیں بیت عنیساہ کے سامنے تک باہر لے گیا اور اپنے ہاتھ اٹھا کر انہیں برکت دی...... جب وہ انہیں برکت دے رہا تھا تو ایسا ہوا کہ ان سے جدا ہوگیا اور آسمان پر اٹھا لیا گیا۔(لوقا۔باب نمبر۲۴۔آیت نمبر۳۶۔۵۰۔۵۱)

**عقیدہ کفارہ:**

یہ عقیدہ عیسائی مذہب کی جان ہے اور اسے بیحد اہمیت حاصل ہے۔انسائیکلو پیڈیا برٹانیکا میں مذکور ہے کہ......عیسائی علم عقائد میں کفارہ سے مراد یسوع مسیح کی وہ قربانی ہے جس کے ذریعے ایک گنہگار یکلخت خدا کی رحمت کے قریب ہوجاتا ہے۔اس نے عقیدے کے پیچھے دو مفروضات کارفرما ہیں ایک تو یہ کہ انسان آدم کے گناہ کی وجہ سے خدا کی رحمت سے دور ہوگیا تھا اور دوسرے یہ کہ خدا کی صفت کلام بیٹا اس لیئے انسانی جسم میں آئی تھی کہ وہ انسان کو دوبارہ خدا کی رحمت کے قریب کردے۔

یعنی مطلب یہ کہ حضرت آدم نے شجر ممنوعہ کا پھل کھا کر سنگین غلطی کی تھی جس کے سبب وہ دائمی عذاب میں مبتلا ہوگئے تھے بقول تورات یا عہد نامہ قدیم ......(جس روز تو نے اس میں سے کھایا تو مرا۔پیدائش۲۔۱۷)

نیز نہ صرف یہ کہ آدم بلکہ ان کی بعد میں آنیوالی تمام نسل سے بھی آزاد قوت ارادی چھین لی گئی تھی۔اس لئے عیسائی مفکرین کہتے ہیں کہ چونکہ یہ قوت سلب ہوچکی اس لئے جب تک مخلوق خدا اس اصلی گناہ آدم سے رہائی نہ پالے وہ نیکی نہیں کرسکتی کیونکہ آدم کے گناہ کا انسان پر سایہ ہے جس کے سبب وہ نیکی نہیں کرسکتا اور کرے بھی تو بے سود ہوگا بقول تھامس......

آدم و حوا کے گناہ کے سبب ان کی اولاد (یعنی ہم سب) اس گناہ میں ملوث ہے۔کیونکہ یہ گناہ ہم میں بھی منتقل ہوچکا ہے۔

اس ضمن میں عیسائی مفسرین ومفکرین نے بہت ساری تشریحات وتوضیحات بھی پیش کی ہیں لیکن ان کا تذکرہ محض طوالت کی رفاقت کے مترادف ہوگا۔سیدھا سا مطلب یہی ہے کہ اب آزادی کیلئے ضروری ہے کہ عیسائیت کو قبول کیا جائے کیونکہ حضرت مسیح اپنی قربانی کے ذریعے اپنے پیروکاروں کو گناہوں سے نجات دلوا چکے ہیں۔حضرت آدم کے گناہ سے لیکر اس کا سایہ ہر انسان پر ہونا اور پھر عیسائیت کی طرف آنا یہ سارا معاملہ تو یوں ہی لگتا ہے کہ جیسے......

مگس کو باغ میں جانے نہ دیجیو
کہ ناحق خون پروانے کا ہوگا!!!

ان تمام عقائد پر بھرپور انداز سے تنقید ہوسکتی ہے لیکن ہم یہاں کتاب مقدس سے صرف چند عبارات پیش کئے دیتے ہیں کہ جن سے عقیدہ تثلیث سمیت ان تمام عقائد پر بھی کاری ضرب پڑتی ہے ذرا دیکھیئے تو کہ حضرت عیسیٰ جنہیں بزور ضد خدا بنالیا گیا ہے کہ فرمارہے ہیں۔؟

تو مجھے نیک کیوں کہتا ہے کوئی نیک نہیں مگر ایک یعنی خدا (مرقس۔باب نمبر۱۰ آیت ۱۸۔)

درج ذیل عبارت دیکھیئے اور بتلائیے کہ کیا کوئی خدا یوں بھی مناجات کرسکتا ہے؟

الوھی۔الوھی لما سبقتنی۔اے میرے خدا اے میرے خدا تو نے کیوں مجھے چھوڑ دیا (مرقس۱۵۔۲۴)

خدا کے اختیارات پر بھی نظر ہوجائے تو کیا مضائقہ ہے؟

میں اپنے آپ سے کچھ نہیں کرسکتا جب سنتا ہوں عدالت کرتا ہوں اور میری عدالت راست ہے کیونکہ میں اپنی مرضی سے نہیں اپنے بھیجنے والے کی مرضی چاہتا ہوں۔(یوحنا۔۵۔۳۰)

کفارے کے سلسلے میں عجیب منطق ہے کہ گناہ ایک نے کیا اور سزا سب کو ملتی رہے اور پھر یہ کہنے سے کہ بعد میں آنیوالوں کی آزاد قوت ارادی یعنی نیکی کرنے کی طاقت سلب وہوچکی اور مسائل پیدا ہوتے ہیں کیونکہ حضرت آدم سے عیسیٰ تک بے شمار انبیاء اور اللہ کے بندے پیدا ہوئے ہیں سوا گر ان میں نیکی کرنے کی قوت ہی مفقود تھی تو پھر ان کا تقویٰ، دیانت اور اس سے بڑھکر نبوت و شریعت چہ معنی دارد؟

علاوہ ازیں عہد نامہ قدیم یہ اصول پیش کرتی ہے کہ...... جو جان گناہ کرتی ہے وہی مرے گی۔بیٹا باپ کا گناہ نہ اٹھائے گا اور نہ باپ بیٹے کا۔صادق کی صداقت اسی کے لئے ہوگی۔اور شریر کی شرارت اس کیلیے۔(حزقی ایل ۱۸۔۲)

**عبادات:**

عیسائیت میں پہلے پہل عبادات نہایت سادہ تھیں۔بپتسمہ، عشائے ربانی اور حمد خوانی زیادہ اہم تھے لیکن بعد ازاں ان کا باقاعدہ اہتمام ہونے لگا۔اسکے ساتھ ہی ولیوں کا دن، اعتراف گناہ اور توبہ جیسی رسوم بھی عبادات کا حصہ ہوگئیں لیکن عیسائی دنیا ان پر کبھی متفق نہیں ہوسکی۔اس لئے ہم یہاں ان سب سے صرف نظر کرتے ہیں البتہ حمد خوانی کی تفصیلات پیش خدمت ہیں کہ یہ بپتسمہ اور عشائے ربانی کی طرح اہم اور مشترک رسم ہے یاد رہے کہ ہم بپتسمہ اور عشائے ربانی کی تفصیل پہلے بیان کرچکے ہیں اس لئے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

یہاں اسے نہیں دہرائیں گے۔

## حمد خوانی:

سمجھنے کی خاطر اسے نماز بھی کہا جا سکتا ہے پروفیسر ایف۔سی برکٹ لکھتے ہیں......

حمد خوانی کیلئے ہر روز صبح شام لوگ کلیسا میں جمع ہوتے ہیں ان میں سے کوئی شخص بائبل کا کوئی حصہ پڑھتا ہے یہ حصہ عام طور پر زبور عہد نامہ قدیم کا ایک باب کا کوئی ٹکڑا ہوتا ہے۔ زبور خوانی کے دوران تمام حاضرین کھڑے رہتے ہیں۔ زبور کے ہر نغمے کے اختتام پر گھٹنے جھکا کر دعا کی جاتی ہے اور اسی دعا کے موقع پر گناہوں کے اعتراف کے طور پر آنسو بہانا ایک پسندیدہ فعل ہے۔ (The Christian raligion P.152.153.V.3)

## اصول عبادات:

عبادات کے یہ بنیادی اصول ہیں سٹر ہمنڈ لکھتے ہیں کہ عبادت کے کل ۴۔ اصول ہیں۔ جو درج ذیل ہیں۔

ا۔عبادت اس قربانی کا شکرانہ ہے جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنے بندوں کی طرف سے دی تھی۔

۲۔دوسرا اصول یہ ہے کہ صحیح عبادت روح القدس ہی کے عمل سے ہوسکتی ہے بقول پولس ......

جس طرح سے ہمیں دعا کرنی چاہئے ہم نہں جانتے۔ مگر روح خود ایسی آہیں بھر بھر کر ہماری شفاعت کرتا ہے جن کا بیان نہیں ہوسکتا۔ (رومیوں۔۸۔۲۶)

۳۔عبادت ایک اجتماعی فعل ہے جو کلیسا انجام دے سکتا ہے اگر کوئی شخص انفرادی طور پر کوئی عبادت کرنا چاہتا ہے تو وہ اسی وقت ممکن ہے کہ جب وہ کلیسا کا رکن ہو۔

۴۔عبادت کلیسا کا بنیادی کام ہے اور اس کے ذریعے وہ ''مسیح کے بدن'' کی حیثیت سے دنیا کے سامنے پیش ہوتا ہے۔

عبادت پر اسی سیر حاصل گفتگو کے بعد ابھی بھی بہت سے گوشے نہاں ہیں جن پر اس ایک نشست میں بحث ممکن نہیں ہے۔ ہم نے عیسائیت کا جو تعارف پیش کیا ہے وہ جدید نظریات پر مبنی ہے جسے ایک شخص پولس نے تشکیل دیا تھا یہ شخص کون تھا اس نے عیسائیت میں کیا کیا تبدیلیاں کیں یہ بھی ایک الگ مضمون کی متحمل بحث ہے۔ اس کے علاوہ انجیل میں ہونیوالی تحریفات یا تبدیلیاں بھی ایک دلچسپ موضوع ہے اس ضمن میں عیسائی فرقوں اور ان کے تہواروں کا ذکر بھی ضروری ہے لیکن اس نشست میں ہم فقط عیسائیت کے تعارف تک ہی اکتفا کرتے ہیں اور انشاء اللہ جلد ہی آئندہ کسی نشست میں مندرجہ بالا موضاعات پر مبنی بر عدل بحث کریں گے تاکہ ہمارے قارئین واضح طور پر اسی مذہب کے خدو خال سے واقفیت حاسل کر سکیں ۔آخر میں دعا ہے کہ اللہ ہمیں ہر معاملہ دیانت کے ساتھ پیش کرنے کی توفیق نصیب فرمائے اور وہ لوگ جو ضلال مبین میں پڑے ہیں انہیں ہدایت سے سرفراز فرمائے۔ آمین

بہ مصطفیٰ برساں خویش را کہ دین ہمہ اوست\
اگر بہ او نہ رسیدی تمام بولہبی ست

(اقبال)

## ہمارا نظام زر

دوکان یا فیکٹری کی تعمیر اولاد کی شادی اور تعلیم وغیرہ لہٰذا لوگ اپنے اپنے منصوبہ کےمطابق بڑی بڑی رقوم جمع رکھتے ہیں ہوسکتا ہے کہ یہ رقوم سالوں تک بیکار پڑی رہیں۔ اگر صرف کر دی جائیں تو منصوبہ کی تکمیل تک کاروبار یا تجارت کی صورت میں دوگنا یا تین گنا ہو جائیں۔ دولت منجمد کرنے کی اس صورت کی بھی حوصلہ شکنی کی گئی ہے۔

(جاری ہے)

## فرمان نبویؐ

عن عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان رسول اللہ ﷺ قال اربع اذا کن فیک فلا علیک ما فاتک الدنیا حفظ امانۃ وصدق حدیث و حسن خلیقۃ، وعفۃ فی طعمۃ. (رواہ احمد والبیھقی فی شعب الایمان)

ترجمہ:

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول خدا ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ چار باتیں اور چار خصلتیں ایسی ہیں کہ اگر وہ تم کو نصیب ہو جائیں تو پھر دنیا اور اس کی نعمتوں کے فوت ہو جانے اور ہاتھ نہ آنے میں کوئی مضائقہ اور کوئی گھاٹا نہیں۔ امانت کی حفاظت، باتوں میں سچائی، حسن اخلاق، اور کھانے میں احتیاط اور پرہیز گاری (مسند احمد شعب الایمان للبیہقی)

عن عثمان رضی اللہ عنہ قال کان النبی ﷺ اذا فرغ من دفن المیت وقف علیہ فقال استغفروا لاخیکم ثم صلوالہ بالتثبیت فانہ الآن یسال. (رواہ ابو داؤد)

ترجمہ:

حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا طریقہ تھا کہ جب میت کے دفن سے فارغ ہو جاتے، تو قبر کے پاس کھڑے ہو جاتے اور فرماتے، کہ: اپنے اس بھائی کیلئے اللہ تعالیٰ سے مغفرت کی دعا کرو، اور یہ بھی استدعا کرو کہ اللہ تعالیٰ اس کو سوالوں کے جواب میں ثابت قدم رکھے کیونکہ اس وقت اس سے پوچھ گچھ ہوگی۔ (ابو داؤد)



© rasailojaraid.com